1

# بخدمت جناب عزت مآب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

MHam 1/6/18

**چوہدری محمد رفیع ولد چوہدری خوشی محمد** ذات جٹ راساکن کالا ہراواں تحصیل وضلع سیالکوٹ

# بنام

1۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان

2۔ عوام الناس

**اعتراضات/Representation ''زیر دفعہ 20،21 الیکشن کمیشن ایکٹ 2017ء'' رول 12 الیکشن رولز 2017ء بابت حلقہ NA-75،NA-76 قومی اسمبلی**

جناب عالی! سائل حسب ذیل عرض گزار ہے۔

1۔ یہ کہ مظہر سائل کالا ہراواں تحصیل وضلع سیالکوٹ کا رہائشی ہے اور ووٹر ممبر بہ تفصیل شماریاتی بلاک کوڈ نمبر 178031307 سلسلہ نمبر 432 انتخابی حلقہ کالا ہراواں تحصیل وضلع سیالکوٹ سابقہ NA-114 اور موجودہ NA-75 کا رجسٹرڈ ووٹر ہے جو سائل بمطابق قانون Representation اعتراضات ہذا دائر کرنے کا اہل ہے۔ نقل ووٹر کوائف لف ہذا ہیں

2۔ یہ کہ سائل کے ضلع سیالکوٹ کے حلقہ NA-75،NA-76،NA-72 کی حالیہ حلقہ بندیاں تجویز کرتے ہوئے متعلقہ احکام نے حلقہ کے بندی کے بنیادی اصولوں اور حلقہ کے عوام کی سہولت اور فطری میل جول و روابط کو ملحوظ خاطر نہ رکھا ہے۔ جو تمام تر حلقہ بندیاں زیر اعتراض زمینی حقائق کے برعکس ہیں اور حلقہ بندی کے رہنما اصول اور عدالتی نظائر سے متصادم ہے اور مظہر سائل کو دستور پاکستان کے تحت حاصل شدہ آئینی و بنیادی حقوق سے بھی متصادم ہے۔

3۔ یہ کہ زیر تجویز پٹوار سرکل ہائے متذکرہ ضمن نمبر (i)4 کے تاریخی پس منظر کو ملاحظہ کیا جاوے تو متذکرہ پٹوار سرکل ہائے شہری حلقہ موجودہ NA-75 (سابقہ NA-110) کا حصہ دار ہے۔ یا حلقہ پسرور NA-72

2

(سابقہ NA-114) کا حصہ رہے ہیں۔ جو بادی النظر میں پٹوار سرکل ہائے کا پسرور کے حلقہ NA-114 میں شامل کیا جانا بھی ماضی کی ناانصافی ہے۔ سابقہ تفصیل حلقہ بندی ذیل ہے۔

1970ء پسرور، 1977 سیالکوٹ شہری حلقہ، 1985ء شہر حلقہ سیالکوٹ 1997 شہری حلقہ سیالکوٹ، 2002ء پسرور حلقہ اور موجودہ ابتدائی حلقہ بندی میں ضلع سیالکوٹ کے شمالی حلقہ NA-76 میں شامل کرایا ہے۔ حالانکہ بادی النظر میں سائل کے زیر تجویز پٹوار سرکل ہائے ہرگز NA-76 سے Compact نہیں ہے۔ جناب والا بالکل اسی طرح پٹوار سرکل مراد پور 1، پٹوار سرکل بھگوال 2، پٹوار سرکل عدالت گڑھا نمبر 1، پٹوار سرکل عدالت گڑھا نمبر 2، فطری طور پر حلقہ NA-76 سے Compact ہیں۔ ہرگز NA-75 سے ہم آہنگی نہ رکھتے ہیں اور نہ ہی ماضی میں شہری حلقہ کا حصہ رہے ہیں۔ اب 2018ء کی حلقہ بندی میں بلا جواز NA-76 سابقہ NA-111 سے نکال کر NA-75 میں شامل کر دیئے گئے ہیں۔

4۔ یہ کہ سابقہ NA-111 اور موجودہ دور میں NA-76 میں درج ذیل پٹواری سرکل

| | | | |
|---|---|---|---|
| i۔ | پٹوار سرکل اورا نمبر 1 | کل آبادی: 12,093 نفوس | پٹوار سرکل ہائے ہذا کو NA-75 میں شامل کرنا درکار ہے۔ |
| ii۔ | پٹوار سرکل اورا نمبر 2 | کل آبادی: 17409 نفوس | |
| iii۔ | پٹوار سرکل ملوچھت نمبر 1 | کل آبادی: 10383 نفوس | |
| iv | پٹوار سرکل ملوچھت نمبر 2 | کل آبادی: 12,144 نفوس | |
| v | پٹوار سرکل رسول پور نمبر 1 | کل آبادی: 6841 نفوس | |
| vi | پٹوار سرکل رسول پور نمبر 2 | کل آبادی: 6331 نفوس | |
| vii | پٹوار سرکل کالا ہراواں | کل آبادی: 9450 نفوس | |
| viii | پٹوار سرکل ڈالووالی نمبر 1 | کل آبادی: 14174 نفوس | |
| ix | پٹوار سرکل ڈالووالی نمبر 2 | کل آبادی: 8222 نفوس | |
| x | پٹوار سرکل بھاگوال | کل آبادی: 9604 نفوس | |
| xi | پٹوار سرکل وڈیانوالہ | کل آبادی: 6429 نفوس | |
| xii | پٹوار سرکل بھروکے | کل آبادی: 7909 نفوس | |
| xiii | پٹوار سرکل گڑھی بھورا | کل آبادی: 5834 نفوس | |
| xiv | پٹوار سرکل گنہ نمبر 1 | کل آبادی 6550 نفوس | |
| xv | پٹوار سرکل پٹھانوالی | کل آبادی 9322 نفوس | |
| | **کل آبادی: 1,42,695 نفوس** | | |

3

پر مشتمل ہے مذکوران بالا پٹوار سرکل ہائے کے جملہ نفوس کا تمام تر رجحان و رابطہ ذہنی ہم آہنگی، ذرائع آمدورفت حلقہ NA-75 کے ساتھ پائی جاتی ہے۔اس وقت NA-75 کی کل آبادی -/8,23,323 نفوس پر مشتمل ہے۔ اگر درج ذیل نفوس مشمولہ پٹوار سرکل ہائے NA-75 میں سے -/1,67,471 منہا کیا جائے اور مذکورہ بالا نفوس -/1,42,695 کو جمع کیا جائے تو کل آبادی **-/7,98,745** نفوس پر مشتمل ہو جائے۔ جس کو دوران حلقہ بندی ملحوظ خاطر نہ رکھ کر حلقہ بندی رولز کو یکسر نظر انداز کیا گیا ہے۔

5۔ یہ کہ NA-75 میں شامل شدہ پٹوار سرکل درج ذیل ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| i۔ | پٹوار سرکل مراد پور 1 | کل آبادی: 73,237 نفوس | پٹوار سرکل ہائے کو NA-76 میں شامل کرنا درکار ہے۔ |
| ii۔ | پٹوار سرکل بھگوال 2 | کل آبادی: 21347 نفوس | |
| iii۔ | پٹوار سرکل عدالت گڑھا نمبر 1 | کل آبادی: 48841 نفوس | |
| iv | پٹوار سرکل عدالت گڑھا 2 | کل آبادی: 24,046 نفوس | |
| | **کل آبادی: 1,67,471 نفوس** | | |

پر مشتمل ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ NA-76 کی کل آبادی 7,53,686 نفوس پر مشتمل ہے۔ جس میں سے پٹوار سرکل ہائے متذکرہ بالا NA-75 مذکورہ بالا -/1,42,695 نفوس کو منہا کیا جائے تو 610991 بن جاتی ہے جبکہ اس میں 1,67,471 نفوس کو جمع کیا جائے **7,78,462** نفوس ہونگے۔ اس طرح خلاف حقائق، خلاف رولز حلقہ بندی ہائے و پٹوار سرکل کو بالائے طاق رکھتے ہوئے جملہ متذکرہ بالا پٹوار سرکل کو NA-75 میں شامل کر دیا گیا جو کسی طرح بھی جملہ نفوس کا تمام تر رجحان و رابطہ ذہنی ہم آہنگی، ذرائع آمد و رفت حلقہ NA-75 کے ساتھ نہ پائی جاتی ہے۔ بلکہ فطری، قدرتی، جغرافیائی لحاظ سے NA-76 کا حصہ قرار دیا جائے۔ مگر الیکشن کمیشن نے ان تمام فطری تقاضوں کو یکسر نظر انداز کرتے ہوئے غلط و خلاف حقائق و خلاف رولز حلقہ بندیوں کا تقرر کیا گیا ہے۔

6۔ یہ کہ سائل کی تجویز کردہ ترامیم و نقشہ زمینی حقائق کے عین مطابق ہیں اور ایک Compact حلقہ بندی عمل میں لانے کیلئے اور عوام کی سہولت کیلئے انتہائی موضوع ہے اور دفعہ 19 حلقہ بندی ایکٹ 1974ء دوران

4
M.Hafiz 1/4/18

الیکشن ذرائع آمدورفت کیلئے انتہائی ضروری ہیں

7۔ یہ کہ الیکشن کمیشن پاکستان کی طرف سے کی گئی مجوزہ حلقہ بندی NA-76 بالخصوص زیر تجویز علاقہ جات اس لحاظ سے بھی موزوں نہ ہے کہ اگر مستقبل میں بنیادی سہولیات تعلیم، سپورٹس اور دیگر منصوبہ جات عمل میں لائے جاتے ہیں تو اس صورت میں بھی سائل کے زیر تجویز علاقہ جات یکساں مفاد حاصل نہ کرسکیں گے۔ کیونکہ موجودہ حلقہ بندی کسی طرح بھی Geograhpically Compact Areas پر مشتمل نہ ہیں۔ بصورت دیگر حلقہ کی عوام کی تمام سہولیات Physical Features، Administrative Units، Existing Boundaries، Facility of Communication حلقہ NA-75 سے منسلک ہے۔

8۔ یہ کہ سائل کے موقف کی تائید کیلئے فاضل الیکشن کمیشن آف پاکستان ہر قسم کی انکوائری عمل میں لائے اور گواہان کو طلب کرے، شہادت قلمبند کرے اور حلقہ کے تاریخی پس منظر اور تجویز علاقہ جات عمل میں لائے سائل کو کوئی عذر اعتراض نہ ہوگا۔ کیونکہ سائل کے موقف بر موقع حقائق وسائل مقامی ذرائع آمدورفت اور عوام کی سہولت کے پیش نظر درست اور صحیح بیان کی گئی ہے۔

(Ref: Section 21 Election Act 2017)

9۔ یہ کہ تمام زیر تجویز ترمیم شدہ مواضعات و پٹوار سرکل کے افراد کے بطور نمائندگان بیان حلفی ہائے 8 عدد نقول Representation کے ساتھ لف کر دی گئی ہیں۔ جن کو آنجناب کے حکم کے مطابق بطور گواہ بوقت ضرورت شہادت پیش کر دیا جائیگا۔

اندریں حالات بالا استدعا ہے کہ Representation ہذا کو منظور فرمایا جا کر ابتدائی حلقہ بندی نمبر NA-75 میں ترمیم کرتے ہوئے پٹوار سرکل مندرجہ ضمن نمبر 2 کو NA-75 میں شامل کیا جائے۔ پٹوار سرکل مندرجہ ضمن نمبر 5 کو حلقہ نمبر NA-75 سے حذف فرما کر حلقہ نمبر NA76 میں شامل کیا جائے اور از سرنو نقشہ جات وفہرست حلقہ بندی مرتب فرمائی جائے اور حلقہ کی اعوام کو ان کی ذرائع آمد رفت، قدرتی، فطری اور جغرافیائی حدود کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

عـــــــــــرضـــــــــــے

چوہدری محمد رفیع ولد چوہدری خوشی محمد ذات جٹ راساکن کالاہراواں تحصیل وضلع سیالکوٹ

5

# بخدمت جناب عزت مآب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

چوہدری رفیع را　　　بنام　　　الیکشن کمیشن آف پاکستان وغیرہ

اعتراضات Representation ''زیر دفعہ 20، 21 الیکشن کمیشن ایکٹ 2017ء'' رول

12 الیکشن رولز 2017ء بابت حلقہ NA-75، NA-76 قومی اسمبلی

# بیان حلفی

ازاں: **چوہدری محمد رفیع را ولد چوہدری خوشی محمد** ذات جٹ را ساکن کالا ہراواں تحصیل وضلع سیالکوٹ

1۔ مظہر حلفاً بیان کرتا ہے کہ مظہر متذکرہ بالا پتہ کا رہائشی ہے اور جانتا ہے کہ جھوٹ بولنا گناہ وجرم سمجھتا ہے۔

2۔ مظہر حلفاً بیان کرتا ہے کہ مندرجات اعتراضات مذکورہ بالا مظہر کے بہترین علم ویقین سے صحیح ودرست ہیں۔

3۔ مظہر حلفاً بیان کرتا ہے کہ بیان حلفی مندرجہ بالا حرف بحرف درست ہے کوئی امر مخفی یا پوشیدہ نہ رکھا گیا ہے۔

المحلف

چوہدری محمد رفیع را محلف مذکور

6

بخدمت جناب عزت مآب سیکریٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

چوہدری محمد رفیع بنام الیکشن کمیشن وغیرہ

اعتراضات/Representation زیر دفعہ 20، 21 الیکشن کمیشن ایکٹ سال 2017 رول 12 الیکشن رولز سال 2017 بابت حلقہ NA-75 و NA-76 قومی اسمبلی

## 1۔ پٹوار سرکل بھاگووال

1۔ چوہدری امان اللہ باجوہ ولد چوہدری غلام نبی، ساکن بھاگووال، تحصیل وضلع سیالکوٹ
2۔ ناصر خان واہلہ ولد خضر خان واہلہ، ساکن بھاگووال، تحصیل وضلع سیالکوٹ
3۔ محمد قدیر باجوہ ولد محمد حسین باجوہ، ساکن بھاگووال، تحصیل وضلع سیالکوٹ

## 2۔ پٹوار سرکل وڈیانوالہ

1۔ محمد سرور ولد محمد طفیل، ساکن وڈیانوالہ، تحصیل وضلع سیالکوٹ
2۔ بابر ندیم ولد محمد اشرف، ساکن وڈیوانوالہ، تحصیل وضلع سیالکوٹ

## 3۔ پٹوار سرکل کالا ہراواں

1۔ صغیر احمد ولد صابر حسین، ساکن کوٹلی جسپال، تحصیل وضلع سیالکوٹ
2۔ محمد آصف ولد محمد خاں، ساکن ٹی جسپال، تحصیل وضلع سیالکوٹ
3۔ سلطان ولد سردار خاں، ساکن کالا ہراواں، تحصیل وضلع سیالکوٹ
4۔ نیئر عباس ولد ولد منور حسین، ساکن کالا ہراواں، تحصیل وضلع سیالکوٹ

## 4۔ پٹوار سرکل رسول پور I

1۔ محمد عظیم ولد محمد اسحٰق، ساکن بہلولہ، تحصیل وضلع سیالکوٹ
2۔ محمد رزاق ولد محمد شریف، ساکن بہلولہ، تحصیل وضلع سیالکوٹ
3۔ وسیم باری ولد محمد اکبر، ساکن بہلولہ، تحصیل وضلع سیالکوٹ

### 5۔ پٹوار سرکل رسول پور II

1۔ منصور قیصر ولد چوہدری محمد سرور، ساکن رسول پور بھلیاں، تحصیل وضلع سیالکوٹ

2۔ محمد شریف ولد اللہ دتہ، ساکن راجہ ہرپال، تحصیل وضلع سیالکوٹ،

3۔ ضمیر صدیق ولد محمد صدیق، ساکن اکال گڑھ، تحصیل وضلع سیالکوٹ

4۔ حمید صدیق ولد محمد صدیق، ساکن اکال گڑھ، تحصیل وضلع سیالکوٹ

### 6۔ پٹوار سرکل گڑھی بورا I

1۔ محمد سعید بھٹی ولد امان اللہ خان، ساکن گڑھی بورا، تحصیل وضلع سیالکوٹ

2۔ عبدالعزیز ولد عبدالحمید، ساکن واہ گراں، تحصیل وضلع سیالکوٹ

3۔ اکبر علی ولد محمد حسین، ساکن تتنگڑ، ڈاکخانہ عمرانوالی، تحصیل وضلع سیالکوٹ

4۔ عبدالحمید ولد محمد شفیع، ساکن کرلوپ، تحصیل وضلع سیالکوٹ

5۔ محمد اکرم ولد صابر حسین، ساکن گڑھی بورا، ڈاکخانہ بھٹے کلاں، تحصیل وضلع سیالکوٹ،

### 7۔ پٹوار سرکل گڑھی بورا II

1۔ سکندر حیات ولد چوہدری چراغ دین، ساکن جوئیاں، ڈاکخانہ عمرانوالی، تحصیل وضلع سیالکوٹ

2۔ چوہدری صابر ولد محمد حسین، ساکن جوئیاں، ڈاکخانہ عمرانوالی، تحصیل وضلع سیالکوٹ

3۔ اکبر علی ولد منظور حسین، ساکن عمرانوالی، تحصیل وضلع سیالکوٹ

4۔ ذکاء اللہ ایڈووکیٹ ولد محمد شفیع، ساکن جوئیاں، تحصیل وضلع سیالکوٹ

### 8۔ پٹوار سرکل ڈالووالی I

1۔ حسنین افضل ولد محمد افضل، ساکن ڈالووالی، تحصیل وضلع سیالکوٹ

2۔ وقار یونس ولد محمد یونس، ساکن جموں روڈ، ڈالووالی، تحصیل وضلع سیالکوٹ

### 9۔ پٹوار سرکل ڈالووالی II

1۔ عبدالعزیز ولد فتح علی، ساکن تیجر، تاروکانہ، تحصیل وضلع سیالکوٹ

2۔ اصغر تبریز ولد محمد اشرف، ساکن تیجر، تاروکانہ، تحصیل وضلع سیالکوٹ

3۔ محمد اشرف ولد محمد حسین، ساکن پتیبر، تحصیل وضلع سیالکوٹ،

## 10۔ پٹوار سرکل ملہو چھت I

1۔ علی جاوید ولد جاوید، ساکن ملہو چھت، تحصیل و ضلع سیالکوٹ،

2۔ چوہدری غلام حسین عرف بھٹو ولد سردار خاں، ساکن ملہو چھت، تحصیل و ضلع سیالکوٹ،

3۔ حاجی محمد طفیل ولد تاجدین نمبردار، ساکن ملہو چھت، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

4۔ ظہیر ولد بشیر احمد، ساکن ملہو چھت، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

## 11۔ پٹوار سرکل ملہو چھت II

1۔ صابر حسین ولد غلام حسین، ساکن چک سادہ، تحصیل و ضلع سیالکوٹ،

2۔ ظہیر سجاد ولد محمد شفیق، ساکن چک سادہ، تحصیل و ضلع سیالکوٹ،

3۔ محمد منیر ولد محمد بشیر، ساکن چک سادہ، تحصیل و ضلع سیالکوٹ،

4۔ علی فرحان ولد محمد ارشد، ساکن ملہو چھت، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

5۔ عابد حسین ولد محمد یوسف گھمن، ساکن گوپال پور، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

## 12۔ پٹوار سرکل اوراء I

1۔ چوہدری محمد بوٹا لدھڑ ولد چوہدری محمد بشیر، ساکن صابو سندھا، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

2۔ ذکاء اللہ ولد محمد شریف، ساکن چک ملانواں، تحصیل و ضلع سیالکوٹ،

## 13۔ پٹوار سرکل اوراء II

1۔ عاشر محمود ولد محمود احمد، ساکن بھٹے کلاں، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

2۔ عبدالمجید ولد محمد صدیق، ساکن لنگڑیوالی، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

3۔ محمد اقبال ولد محمد علی، ساکن لنگڑیوالی، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

## 14۔ پٹوار سرکل پٹھانوالی

1۔ عدنان یوسف باجوہ ولد محمد یوسف، ساکن ونجل، تحصیل و ضلع سیالکوٹ،

2۔ جاوید اختر راؤ ولد ریاست علی خاں راؤ، ساکن پٹھانانوالی، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

3۔ رمضان ولد چوہدری اکبر علی، ساکن ندوکے، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

4۔ محمد یوسف گھمن ولد حسن دین، ساکن ندوکے، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

9

## 15- پٹوار سرکل گنہ کلاں I

1- غلام مصطفیٰ باجوہ ولد محمد اسلم باجوہ، ساکن محال گھچے، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

2- ذوالفقار علی باجوہ ولد چوہدری حبیب اللہ، ساکن محال گھچے، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

3- توصیف احمد باجوہ ایڈووکیٹ ولد بشیر احمد باجوہ ساکن محال گھچے، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

## 16- پٹوار سرکل بھروکے

1- لطیف ابرار ولد چوہدری فقیر محمد، ساکن چنڈر، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

2- فلک شیر ولد عبدالغنی، ساکن چنڈر، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

3- مجسم زرخیز خان ایڈووکیٹ ولد انور خاں، ساکن بجے رامداس، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

4- افتخار خاں ولد محمد رمضان خان، ساکن بھروکے، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

5- محمد نواز ولد سعید احمد پٹواری، ساکن بھروکے، تحصیل و ضلع سیالکوٹ